Serial No. of Answer Book ________

KT-XI-14(A)

# اُردو ایڈوانس (گیارہویں)

Roll No. ________

Fic No. ________

---

Fic No. ________

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

وقت: 3 گھنٹے — کل نمبرات: 100

نوٹ: اس پرچے کے تین سیکشن ہیں۔ سیکشن الف، ب اور ج۔ سیکشن الف کو مقررہ وقت کے اندر حل کر کے سپرنٹنڈنٹ صاحب کے حوالے کر دیں۔

## سیکشن "الف"

وقت: 20 منٹ — نمبر: 20

سوال 1 ہر جز کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب کر کے سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) میر بہادر علی حسینی نے ــــــــ داستان لکھی ہے۔
الف) باغ و بہار ب) داستان امیر حمزہ ج) فسانہ عجائب د) حکایت بوڑھے باگھ اور مسافر کی

(ii) کہانی کی اولین قسم ــــــــ ہے۔
الف) داستان ب) افسانہ ج) ڈرامہ د) ناول

(iii) سبق "جان عالم کا توتا خریدنا" ــــــــ کی تصنیف ہے۔
الف) آغا حشر ب) رجب بیگ سرور ج) رُسوا د) غالب

(iv) "نادار لوگ" بنیادی طور پر ــــــــ ہے۔
الف) ناول ب) مضمون ج) انشائیہ د) نظم

(v) اعجاز کا کردار کس ناول میں شامل ہے؟
الف) نادار لوگ ب) خون جگ ہونے تک ج) خدا کی بستی د) نیلا پتھر

(vi) شوکت صدیقی نے ادبی زندگی کا آغاز ــــــــ سے کیا۔
الف) مضمون نویسی ب) ڈرامہ نگاری ج) افسانہ نگاری د) ناول نویسی

(vii) ناول "خدا کی بستی" میں ــــــــ کے مہینے کا ذکر ہے۔
الف) ستمبر ب) اکتوبر ج) مارچ د) جنوری

(viii) آغا حشر کاشمیری نے پہلا ڈرامہ ــــــــ کی عمر میں لکھا۔
الف) اٹھارہ ب) انیس ج) بیس د) بائیس

(ix) "رستم اور سہراب" کس کی تصنیف ہے
الف) آغا حشر ب) مرزا ہادی رسوا ج) رجب علی بیگ د) مرزا ادیب

(x) مرزا ادیب کو ــــــــ ایوارڈ مِلا
الف) نکس ایوارڈ ب) آدم جی ج) نوبل د) آسکر

(xi) "صغریٰ" ڈرامہ ــــــــ کا کردار ہے۔
الف) سمندر ب) سمندر کا دل ج) رستم اور سہراب د) شمع

(xii) غلام عباس کا افسانہ ــــــــ شامل نصاب ہے۔
الف) اوورکوٹ ب) سایہ ج) زیور د) نیلا پتھر

(xiii) "شاہین بچے" ایک ــــــــ مضمون ہے۔
الف) سنجیدہ ب) طنزیہ و مزاحیہ ج) نفسیاتی د) اخلاقیاتی

(xiv) کرنل محمد خان کی وجہ شہرت ــــــــ ہے۔
الف) خطوط نویسی ب) مزاح نگاری ج) قصیدہ گوئی د) مرثیہ خوانی

(xv) شاملِ نصاب "نعت" کے شاعر ــــــــ ہیں۔
الف) ماہر القادری ب) نظیر اکبر آبادی ج) محسن کاکوروی د) ظفر علی خان

(xvi) رہے نام اللہ کا ــــــــ کی تخلیق ہے۔
الف) اکبر ب) غالب ج) نظیر اکبر آبادی د) حالی

(xvii) جوش ملیح آبادی کا اصل نام ــــــــ تھا۔
الف) شبیر علی ب) شبیر حسین خان ج) شبیر حسن خان د) محمد شبیر

(xviii) ن۔م راشد کو ــــــــ شاعری کے بانیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔
الف) قدیم ب) جدید ج) جدید ترین د) مزاحیہ

(xix) "اب تک جنہیں ہوا ن تمدن کی چھو سکی" نظم ــــــــ کا مصرعہ ہے۔
الف) گاؤں ب) مرثیہ انیس ج) شہادتِ حسین د) جوگی

(xx) استعارہ کے لغوی معنی ــــــــ ہیں۔
الف) مانند ب) مثال ج) ادھار لینا د) ستارہ

Result.pk

KT-XI-14(A)

# اُردو ایڈوانس (گیارھویں)

کل نمبر:80 — وقت:2 گھنٹے 40 منٹ

## سیکشن "ب"

نمبر: 50

سوال2 مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے (دس) اجزاء حل کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر مساوی ہیں۔

(i) جان عالم نے جب لڑائی کی وجہ دریافت کی تو توتے نے کیا بتایا؟

(ii) جلودھرا اور مخلص کس مقصد کیلئے اچھے کام کرتے تھے؟

(iii) سبق "نادار لوگ" کا مرکزی خیال لکھیں۔

(iv) سلمان کی آمد پر گھر والوں نے کس تاثر کا اظہار کیا؟

(v) مختصر افسانے کے فنی عناصر کیا ہیں؟

(vi) وکیل صاحب کے گھر کے علاوہ سبحان کی آمدنی کے اور کیا ذرائع تھے؟

(vii) افسانہ "نیلا پتھر" کا مرکزی خیال بیان کریں؟

(viii) لوگوں کو مرزا غالب سے کیا شکایت تھی؟

(ix) جملے بنائیں۔ ہکا بکا، تخمینہ، اکتفا، علمیت، پُرشکوہ

(x) "شاہین بچے" کیا کیا کھیل رغبت سے کھیلتے ہیں؟

(xi) رُباعی کسے کہتے ہیں؟

(xii) نظم "مرکزی خیال "زندگی سے ڈرتے ہو" تحریر کریں۔

(xiii) تشبیہ کسے کہتے ہیں۔

## سیکشن "ج"

نمبر: 30

سوال3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کا مطلب آسان اردو میں لکھیں۔ 8

الف) شیر دل بوڑھے! میرا دل تیری موت دیکھنے کیلئے راضی نہیں۔ ایک غیبی آواز بار بار مجھے اس جنگ سے روکتی ہے اگر ایران کی گود بہادر فرزندوں سے خالی نہیں تو جا واپس جا اور اپنے عوضی کسی اور ایرانی دلیر کو بھیج دے۔

ب) میرے یہاں خدا کے فضل سے تین شاہین بچے ہیں جو آپ کی دُعا سے خاکبازی کی تعلیم حاصل کرنے میں شب و روز مصروف ہیں اور اگر سچ پوچھیے تو میں خداوندانِ مکتب کا ممنون احسان ہو کہ وہ ان شاہین بچوں کو مولے بنا رہے ہیں۔

سوال4 کسی ایک جزو کی تشریح نظم اور شاعر کے حوالے سے لکھیں۔ 8

الف)
آدمی کے دامن سے زندگی ہے وابستہ — اُس سے تم نہیں ڈرتے
ان کہی سے ڈرتے ہو — جو ابھی نہیں آئی اُس گھڑی سے ڈرتے ہو

ب)
حاکم سے بھلائی کی توقع ہے محال — جب تک کہ رعیت کے بھلے ہوں نہ خصال
تم اپنے سوا کسی کے محکوم نہیں — عمال ہیں بس یہی تمھارے اعمال

سوال5 "خدا کی بستی" **یا** "آسان اردو" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔ 7

سوال6 تشبیہ کی تعریف اور ارکان تشبیہ بیان کریں۔ **یا** تجنیس مثالوں سے واضح کریں۔ 7

☆☆☆

Result.PK